کووڈ-19 کا سامنا ہونے سے قبل انسداد کیا ہے؟

وائرس کو انسانی خلیوں سے جڑنے اور داخل ہونے سے روکنے کے لئے تیار کردہ دوا۔ یہ جسم کو مرض سے بچاتی ہے۔

درج ذیل صورتوں میں 12 سال اور زائد عمر کے افراد کووڈ-19 سے بچاؤ کے لئے سامنا ہونے سے قبل انسداد کے اہل ہو سکتے ہیں:

- ان کا وزن کم از کم 88 پاؤنڈ (40 کلو) ہو۔
- فی الحال انہیں کووڈ-19 نہ ہو۔
- مدافعتی نظام معتدل تا شدید حد تک کمزور ہو۔
- ان کے طبی معالج نے کووڈ-19 ویکسین نہ لگوانے کی تجویز دی ہو۔

اس کی کیا قیمت ہے؟

وفاقی حکومت دوا مفت فراہم کر رہی ہے۔ ہر فراہم کنندہ دوا لگانے کی فیس لے سکتا ہے جس کا بل آپ کے بیمہ کار کو جائے گا اور مریض کے لئے ممکنہ طور پر مشترکہ ادائیگی ہو سکتی ہے۔

میں یہ کیسے کرواؤں؟

آپ کو 2 علیحدہ درسالمی (پٹھوں میں اندر تک دی جانے والی دوا) انجیکشن دیے جائیں گے۔

اگر میں نے حال ہی میں کووڈ-19 ویکسین لگوائی ہے تو کیا میں کووڈ-19 کا سامنا ہونے سے قبل انسداد کروا سکتا/سکتی ہوں؟

سامنا ہونے سے قبل انسداد کووڈ-19 ویکسین کے لئے آپ کے جسم کا مدافعتی ردعمل گھٹا سکتا ہے۔ یہ علاج کروانے کے لئے آپ کو کووڈ-19 ویکسینیشن کے بعد کم از کم دو ہفتے تک انتظار کرنا چاہیے۔

Washington State Department of Health

DOH 825-030 March 2022 Urdu

کسی اور شکل میں اس دستاویز کی درخواست کرنے کے لئے 1-800-525-0127 پر کال کریں۔ سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے صارفین، براہِ کرم 711 (Washington Relay) پر کال کریں یا civil.rights@doh.wa.gov پر ای میل کریں۔